NSW GOVERNMENT

# Suspension factsheet: supporting your child's wellbeing

Parent/carer information

# معطّلی کے متعلق معلوماتی پرچہ: معطّلی کے دوران اپنے بچے کی فلاح میں مدد دینا

## والدین/کیئررز کے لیے معلومات

### آپ اپنے بچے کی مدد کیسے کر سکتے ہیں

معطّلی کے دوران اپنے بچے کی صحت اور فلاح میں مدد دینے کے لیے ایک اچھا نقطۂ آغاز یہ ہے کہ ماہرین کی طرف سے معلومات اور مشورے لیے جائیں۔ اپنے بچے کی فلاح میں مدد دینے والے عملی مشورے اور مدد کے لیے مندرجہ ذیل صفحے پر دیے گئے وسائل دیکھیں:

- فلاح (Wellbeing)

گھر اور سکول کے درمیان مثبت طریقے سے اور کھل کر بات کرنے سے طالبعلموں کو کامیابی کا بہترین موقع ملتا ہے۔

- اپنے بچے کو تسلّی دیں کہ وہ سکول کمیونٹی کا ایک قابل قدر رکن ہے۔
- اگر آپ کو کوئی تشویش ہو تو سکول کو بتائیں۔
- ایسی تدابیر طے اور نافذ کرنے کے لیے سکول ٹیم کے ساتھ تعاون کرتے ہوئے کام کریں جن سے آپ کے بچے کو تعلیم میں مشغول رہنے میں مدد ملے۔
- اپنے بچے کی سسپنشن ریزولیوشن (معطّلی کے حل کے لیے) میٹنگ میں شریک ہوں۔ یہ میٹنگ ذاتی ملاقات کی صورت میں، فون پر یا آن لائن اس انداز میں ہو سکتی ہے جس سے مثبت بات چیت کا بہترین موقع ملے۔
- اپنے بچے کے ساتھ مناسب طرز عمل کے متعلق بات کریں جس سے مثبت، محفوظ، سب کو شامل رکھنے والا اور احترام کا حامل تعلیمی ماحول بنتا ہے۔
- اپنے بچے کی فعال طریقے سے حوصلہ افزائی کریں کہ وہ دوسروں کو احترام کے ساتھ اپنی سوچیں اور خیالات بتائے

### معطّلی کے دوران گھر سے تعلیم حاصل کرنا

- معطّلی کے عرصے میں عملے کا کوئی رکن باقاعدگی سے آپ اور آپ کے بچے کے ساتھ رابطہ کرے گا۔
- اپنے بچے کو پڑھائی کے لیے اس طرح مدد دیں کہ دن کے دوران کام کے واضح اوقات طے کریں، خاموش جگہ تلاش کریں اور پوچھیں کہ اس کی پڑھائی کیسی چل رہی ہے۔
- یہ یقینی بنائیں کہ بچہ وقفے کرے، پانی پیئے اور اگر وہ ذہنی دباؤ میں ہو یا فکرمند ہو تو اس کی مدد کریں۔
- بچے کو ورزش یا کھیل کا وقت دیں۔
- اپنے بچے کی نگرانی کریں تاکہ وہ بحفاظت ٹیکنالوجی استعمال کرے۔ 'ٹیکنالوجی استعمال کرنا' (Using technology) سائیٹ پر معلومات اور وسائل موجود ہیں جنہیں آپ شاید مفید پائیں۔

### کارآمد لنکس

- تعلیمی پیکیجز (Learning packages)
- معذوروں کی تعلیم اور مدد کے متعلق معلومات (Disability learning and support advice)
- چھے طرز عمل میں مدد دینے کے لیے ٹول کٹ: والدین کے لیے مدد (Behaviour support toolkit: support for parents)
- اپنے بچے کو گھر سے تعلیم حاصل کرنے کے لیے مدد دینا (Helping your child learn from home)
- بچوں کی امدادی فون لائن (Kids Helpline) 5 سے 25 سال عمر کے افراد کے لیے آسٹریلیا کی واحد مفت فون کاؤنسلنگ سروس ہے۔ 1800 55 1800 پر کال کریں۔

### ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ سکول سے رابطہ کرنا چاہتے ہوں اور آپ کو انگلش زبان کے لیے مدد کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی 131 450 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں، انہیں اپنی مطلوبہ زبان بتائیں اور آپریٹر سے سکول کو فون کرنے کے لیے کہیں۔ آپریٹر لائن پر ایک انٹرپریٹر مہیا کر دے گا جو بات چیت میں آپ کی مدد کرے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔